پریس ریلیز

سفید کوٹ ڈاکٹری شعبہ کے تقدس اور احترام کا عکاس ، مسیحائی کی مثال بنیں : پروفیسر الفرید ظفر

پی جی ایم آئی کے فارغ التحصیل دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں، خدمات لائق تحسین ہیں

دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے خواتین ڈاکٹرز گھر داری کی بجائے میڈیکل پروفیشن کو ترجیح دیں

ڈینگی کی وباء ہو یا کورونا کی آفت ڈاکٹرز نے اپنی جانوں کوخطرے میں ڈال کرسینکڑوں مریضوں کی جانیں بچائیں

نوجوانوں سے ملک کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں جنہیں پورا کرنا نئی نسل کی بڑی ذمہ داری ہے

ریسرچ پرتقریباایک کروڑروپیہ خرچ کرر ہے ہیں جبکہ پنجاب میں واحد سینٹرل ریسرچ لیب اس انسٹی ٹیوٹ میں قائم ہے

پرنسپل پی جی ایم آئی کا جنرل ہسپتال کے امیر الدین میڈیکل کالج کے دسویں سیشن سے خطاب

لاہور19 فروری:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ سفید کوٹ ڈاکٹری شعبے کے تقدس اور احترام کا عکاس ہے،ضرورت اس امر کی ہے کہ سفید کوٹ کو بے داغ رکھنے کے لئے ڈاکٹرز اپنی پیشہ وارانہ مہارت پر بھر پور توجہ کے ساتھ اعلیٰ اخلاقی اور دکھی انسانیت کی خدمت کا مثالی نمونہ بن کر مسیحائی کے تقدس کو سر بلند رکھیں اور اُس عظیم مشن کی تکمیل کے لئے سرگرم عمل رہیں جس کا انہوں نے شروع دن سے عہد کیا ہے۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج کے دسویں تعلیمی سیشن میں داخلہ لینے والے ایم بی بی ایس کے طلباو طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔مہمان خصوصی سابق پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر محمد طیب جبکہ پروفیسر آغا شبیر علی گیسٹ آف آنر تھے جنہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج میں داخلہ لینے والے طلباو طالبات اور اُن کے والدین کومبارکباد دی اور کہا کہ یہ سٹوڈنٹس محنت اور لگن کے ساتھ اپنی تعلیم پر بھر پور توجہ دے کر اپنی مادر علمی کا نام روشن کرنے کے علاوہ اپنے والدین کا بھی فخر بنیں گے اور ملک وقوم کے لئے نیک نامی کا باعث ہوں گے۔اس موقع پر پروفیسر غیاث النبی طیب، پروفیسر محمد معین، پروفیسر منیزہ سعید، پروفیسر فاروق افضل، ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم،ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر فیکلٹی ممبران سمیت طلباو طالبات کے والدین بھی شریک تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ پی جی ایم آئی/اے ایم سی/ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے اور حالیہ برسوں میں خواہ ڈینگی کی وباء ہو یا کورونا کی آفت ان ڈاکٹرز نے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر سینکڑوں مریضوں کی جانیں بچائیں اور ہزاروں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات پہنچا کر اپنے ادارے کا نام روشن کیا جس سے وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے بھی سرخرو ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے فارغ التحصیل ڈاکٹرز اندرون و بیرون مما لک دنیا بھر کی یونیورسٹیز،میڈیکل کالجز اور ہسپتالوں میں فرائض سر انجام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پی جی ایم آئی پاکستان کا واحد ادارہ ہے جہاں گریجویٹ ڈاکٹرز کو اعلیٰ تعلیم دینے والے پیشہ وارانہ اور تجربہ کار پروفیسرز انڈرگریجویٹ ڈاکٹرز کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔انہوں نے مزید کہا کہ پی جی ایم ائی و امیر الدین میڈیکل کالج یک جان دو قالب ہیں اور یہ دونوں ادارے ایک دوسرے کی عزت افزائی کا باعث بنتے ہیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ سفید اوورکوٹ زیب تن کر کے ملک کا نام روشن کرنے والے سپوتوں کے والدین بھی خوش نصیب ہیں جنہیں اپنے خوابوں کی تعبیر دیکھنے کا موقع ملتا ہے کیونکہ لاکھوں کی تعداد میں والدین اپنے بچوں کو اس پروفیشن میں بھیجنے کے خواہشمند ہوتے ہیں۔پرنسپل اے ایم سی نے طالبات پر زور دیا کہ وہ بھی میڈیکل کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد گھر بیٹھنے اور گھر داری کی بجائے ہسپتالوں میں دکھی انسانیت کی خدمت کے فرائض سرانجام دیں، ڈاکٹروں کے پاس مریض اللہ تعالیٰ کی امانت ہوتے ہیں جن کی بھر پور خدمت کر کے کوئی بھی شخص دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت میں بھی کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور معاشرے میں بہتری لانے کے جذبے کی ضرورت ہے اور نوجوانوں سے ملک کو بہت سی امیدیں وابستہ ہیں جنہیں پورا کرنا نئی نسل کی بڑی ذمہ داری ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ پی جی ایم آئی میں ریسرچ پر تقریباایک کروڑ روپیہ خرچ کررہے ہیں جبکہ پنجاب میں واحد سینٹرل ریسرچ لیب اس ادارے میں قائم ہے۔

تقریب کے اختتام پر پروفیسر محمد طیب اور پروفیسر آغا شبیر علی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے صحت کے شعبے کیلئے نمایاں ترجیحات کا تعین کیا ہے۔انہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج کے طلباو طالبات کومبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ دس برس قبل قائم ہونے والے اس ادارے کو منفرد مقام حاصل ہو چکا ہے اور وہ اس میڈیکل کالج کی مستقبل میں بھی کامیابی کے لئے دعا گو ہیں۔اس موقع پر میڈیکل کے نئے سیشن کے طلباو طالبات سے حلف لیا گیا۔اس موقع پر ایم بی بی ایس کے افتتاحی سیشن میں طلباو طالبات اور والدین کی کثیر تعداد موجود تھی جنہوں نے اس تقریب کے انعقاد کو سراہا۔

☆☆☆

امیر الدین میڈیکل کالج کے 10ویں سیشن کے سٹوڈنٹس کا مہمان خصوصی سابق پرنسپل پروفیسر محمد طیب، گیسٹ آف آنر پروفیسر آغا شبیر علی اور پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو

امیر الدین میڈیکل کالج کے 10ویں سیشن کے سٹوڈنٹس سے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر خطاب کر رہے ہیں

امیر الدین میڈیکل کالج کے 10ویں سیشن کے سٹوڈنٹس کا مہمان خصوصی سابق پرنسپل پروفیسر محمد طیب، گیسٹ آف آنر پروفیسر آغا شبیر علی اور پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو